# فنکار کے بیانیے کی آسان ابتدا۔

اس ٹیمپلیٹ کا مقصد فنکار کوآرٹسٹ اسٹیٹمنٹ کے لیے الفاظ اور خیالات سوچنے کی جگہ مہیا کرنا ہے۔
آرٹسٹ اسٹیٹمنٹ عموماً ایک صفحے پر 300 - 500 الفاظ پر مشتمل صیغۂ اوّل میں (پہلے شخص کے طور پر) لکھی جاتی ہے۔ آرٹسٹ اسٹیٹمنٹ جلدی سے پڑھی جانے والی، آپ کے کام اور دلچسپی کا جائزہ دینے والی، اور اگر ضرورت ہو تو ایک یا دو آرٹ ورکس کو اہم رکھتے ہوئے آپ کے کام پر مکمل بات کرنے والی ہوتی ہے۔

الفاظ جو آپ کو بیان کرتے ہیں۔ آپ اپنے کام کے حوالے سے اپنے آپ کو کیا عنوان دیتے ہیں؟ کیا آپ اپنے میٹیریل کے لحاظ سے اپنے بارے میں بات کرتے ہیں؟ (مصور، مجسمہ ساز، پرفارمنس آرٹسٹ وغیرہ) کیا آپ کے ریاض میں تعلیمی شاخیں ہیں؟ (استاد، محقق، سہولت کار وغیرہ) کیا آپ کے پاس دوسرے سرنامے موجود ہیں؟ مثلاً کیوریٹر، مترجم، ثقافتی رہنما وغیرہ۔

الفاظ جو آپ کے کام کی وضاحت کرتے ہیں۔ آپ اپنے فنی کام کی وضاحت کیسے کرتے ہیں؟ اپنے کام کے پیمانے، صورت، رنگ اور ساخت کی وضاحت کریں۔ آپ اپنے کام کو بنانے کے لیے کونسا مٹیریل استعمال کرتے ہیں؟ کیا آپ کے انتخاب کی کوئی عملی یا تصوراتی وجوہات ہیں؟ آپ اپنے کام میں کون سے موضوعات و تصورات تلاش کرتے ہیں؟ کیا آپ کے کام میں کوئی سماجی، سیاسی یا تاریخی حوالہ جات ہیں؟ کیا آپ اپنے کام میں استعارات، تشبیہات یا اشکال کا استعمال کر رہے ہیں جن کے بارے میں ناظرین کو معلوم

کام کا ممکنہ مستقبل: آپ کا کام کس طرح آگے بڑھ رہا ہے؟ آپ کن خیالات کو جاری رکھے ہوئے ہیں؟ آپ کے کن خیالات کو مزید وضاحت درکار ہے، بیان کریں۔

اثرات: کیا آپ کے کام میں جگہ کا احساس نمایاں ہے؟ جگہ کے ساتھ جمع ہونے والے احساسات پر غور و فکر کریں۔جیسا کہ حواس خمسہ (آپ کیا سنتے ہیں، سونگھتے ہیں، چکھتے ہیں، چھوتے اور دیکھتے ہیں) کو مشغول رکھتے ہوئے جگہ کی داستان بناتے ہیں۔ دوسروں کا اثر۔ دوسرے فنکاروں، ادیبوں، مورخوں، شاعروں، اساتذہ کو شامل کریں جن کا اثر آپ کے کام پر ہے۔

اپنے منہ میاں مٹھو: اپنی چنندہ کامیابیوں کے بارے میں لکھیں۔ ان میں شامل کیا جا سکتا ہے: نمائشیں، جن میں آپ کا کام شامل رہا۔ گریجویشن، انعامات، اسکالرشپس، فیلوشپس جو آپ کو ملیں۔جن تنظیموں میں آپ کا کام اور خدمات رضاکارانہ و غیر رضاکارانہ شامل رہا۔ ورکشاپس جن میں آپ اور آپ کا کام شامل رہا۔

فنکار کا بیانیہ عام طور پر ایک صفحے سے زیادہ نہیں ہوتا۔ فنکار کے بیانیے میں آپ اپنا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں جیسے کہ "میں نے"، "میرا کام" وغیرہ۔
کام کے عنوانات کی اہمیت بیان کرنے کے لیے انہیں بولڈ یا فونٹ سائز میں بڑا کیا جاتا ہے۔

پہلا مسودہ: پچھلے صفحے پر دیے گئے اشارے استعمال کرتے ہوئے اپنے جوابات کو ترتیب دے کرفنکار کے بیانیے کے لیے پہلا مسودہ تیار کریں۔ آپ فنکار کے بیانیے کو تین پیراگراف میں تقسیم کرنے کے بارے میں سوچ سکتے ہیں۔ پہلا پیراگراف آپ اور آپ کے کام کا تعارف کر سکتا ہے۔ دوسرا آپ کے تصوراتی یا مادی خدشات کو بیان کرسکتا ہے، اور شاید ایک یا دو فن پاروں کے بارے میں تفصیلات فراہم کرسکتا ہے، اور تیسرا آپ کی کامیابیوں اور مستقبل کے منصوبوں کو شامل کرسکتا ہے۔

## وسائل

اگر کام کی لکھت کے بارے میں گہرائی میں جاننا چاہتے ہیں تو یہ فنکاروں اور معلموں کے لیے کچھ اہم وسائل ہیں۔

1. West, Anne. *Mapping the Intelligence of Artistic Work.* Portland, Moth Press, 2011.

2. Hasting, Julia, Akademie X: Lessons in Art + Life, New York, Phaidon Press - 2015

3. The Writing Centre, Emily Carr University of Art and Design, 2022 https://writingcentre.ecuad.ca/wp-content/uploads/2022/01/a1ddb-writing-an-artists-statement.pdf

## ترامیم و وضع قطع

اپنے بیانیے میں گرامر اور تہجی کا جائزہ لیں۔ ہمیشہ سپیل چیک استعمال کریں۔ خصوصاً لوگوں کے نام کے ہجے درست ہوں۔

اپنا بیانیہ کسی سے پڑھوائیں تاکہ غلطیاں درست کی جا سکیں۔

الفاظ اور جملوں کی تکرار سے اجتناب کریں،لغات کا استعمال کرئں۔

پڑھے جانے والا فونٹ سائز یعنی 10 سے 14 پوائنٹس تک رکھیں۔